ISSN Online : 2709-4030
ISSN Print : 2709-4022

Vol.8 No.2 2024

# کریگ کنسیڈائن: تعارف اور سیرت نگاری

# *Craig Considine: Introduction and Seerah Study*

1. ***Abdul Haseeb***
   *M. Phil Islamic Studies, Government College University Faisalabad, Pakistan*
   *E-mail:haseebul1122@gmail.com*
2. ***Dr. Mahmood Ahmad( Corresponding Author)***
   *Assistant Professor, Department of Islamic studies, Government College University Faisalabad, Pakistan*
   *E-mail: mahmood.ahmad@gcuf.edu.pk*

***ABSTRACT***

*This paper will cover Craig Considine, an Irish-Italian sociologist who has published extensively on interfaith, Islamic studies, and the life of the prophet Muhammad (PBUH). It follows his initial studies in Massachusetts and further training in international relations and sociology, and more collaborative work with luminaries such as Akbar Ahmed. Because of global events like 9/11, Considine became fascinated by Islam, which led him to pioneer research and publications connecting Christian-Muslim relations. His notable works include books stressing the humanity of Prophet Muhammad and the historical relations between Christians and Muslims. His research and teaching demonstrate a commitment to intercultural dialogue and understanding.*

کریگ کنسیڈائن ایک آئرش-اطالوی ماہر عمرانیات اور مصنف ہیں، جنہوں نے بین المذاہب تعلقات، اسلامی تعلیمات، اور نبی کریم ﷺ کی شخصیت پر گراں قدر تحقیق کی ہے۔ان کی دو مشہور کتب، **"The Humanity of Muhammad: A Christian View"** اور **"People of the Book: Prophet Muhammad Encounters with Christians"**، عیسائی مسلم تعلقات کے تناظر میں لکھی گئی ہیں۔ان کتب میں انہوں نے نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کو ایک عیسائی نقطۂ نظر سے بیان کیا ہے، جن میں مذہبی تکثیریت، سماجی انصاف، اور بین الثقافتی رواداری جیسے موضوعات نمایاں ہیں۔تاہم، کنسیڈائن کی تحقیقات میں بعض متنازع پہلو بھی شامل ہیں، جیسے قرآنی آیات کی من مانی تشریح، روایات کی صحت سے صرفِ نظر، اور اسلامی عقائد سے انحراف۔ان کی تحریریں جہاں بین المذاہب افہام و تفہیم کی کوشش ہیں، وہیں ان کے تحقیقی طرزِ عمل پر تنقید کا دروازہ بھی کھولتی ہیں۔

## کریگ کنسیڈائن (Craig Considine) کی سوانح حیات

کریگ کنسیڈائن(Craig Considine)۱۹۸۵ء کو پیدا ہوئے، ان کا تعلق آئرش اطالوی نسل سے ہے۔کنسیڈائن نے اپنا بچپن میساچوسٹس (Massachusetts) کے قصبے نیڈہم(Needham) میں گزارا۔(1)

اپنی جوانی میں کنسیڈائن نے "Catholic school Saint Bartholomew's Church" اور "Needham Public Schools" میں تعلیم حاصل کی۔۲۰۰۳ء میں نیدہم ہائی اسکول سے گریجویشن کرنے کے بعد، کنسیڈائن نے امریکن یونیورسٹی "American University" میں تعلیم حاصل کی، جہاں اس نے بین الاقوامی تعلقات میں بیچلر آف آرٹس کی ڈگری حاصل کی۔ایک انڈر گریجویٹ طالب علم کے طور پر، اس نے پروفیسر اکبر احمد جو، "The Ibn Khaldun Chair of Islamic Studies in the School of International Service" ہیں، کے ساتھ مل کر کام کیا۔کنسیڈائن کے مطابق، اپنے پروفیسر کے ساتھ ان کے تعلقات نے انہیں مسلم معاشرے کو ایک مختلف زاویے سے دیکھنے اور ذہنیت کو بدلنے میں مدد کی۔پروفیسر اکبر احمد نے کنسیڈائن کو اپنے بہترین طالبعلموں میں سے پایا۔کنسیڈائن اپنی انڈر گریجویٹ ڈگری مکمل کرنے کے بعد لندن چلے گئے۔وہاں، انہوں نے ۲۰۰۸ء میں رائل ہولوے لندن یونیورسٹی "Royal Holloway, University of London" میں بین الاقوامی تعلقات میں ماسٹرز کی ڈگری مکمل کی۔ (2)

۲۰۱۱ء میں کنسیڈائن نے عمرانیات کے شعبہ میں پی ایچ ڈی کرنے کے لیے ٹرینیٹی کالج ڈبلن (Trinity College Dublin)میں داخلہ لیا۔(3)انہوں نے اپنے پی ایچ ڈی کا مقالہ پاکستانی تارکین وطن جو بوسٹن(Boston)اور ڈبلن(Dublin)میں مقیم ہیں۔ان کے مذہب،خاندان اور شناخت کے متعلق تھا۔ جس کا عنوان "Family, religion, and identity in the Pakistani diaspora: a case study of young Pakistani men in Dublin and Boston"ہے۔**(4)**

کنسیڈائن نے ۲۰۱۵ء میں گریجویشن کیا۔اپنی پی ایچ ڈی مکمل کرنے کے بعد،موصوف ہیوسٹن(Huston)چلے گئے،جہاں انہوں نے رائس یونیورسٹی (Rice University)کے شعبہ عمرانیات میں بطور لیکچرار ملازمت اختیار کی اور پڑھانا جاری رکھا۔**(5)**بعد ازاں ۲۰۲۰ء میں،موصوف کو بطور معلم امتیازی سطح پر رائس یونیورسٹی سے عمرانیات میں "Sarah A. Burnett Teaching"نامی اعزاز سے نوازا گیا۔ **(6)**

کنسیڈائن ایک رومن کیتھولک عیسائی ہے،جس نے علوم اسلامیہ کی بیشتر جہات پر کام کیا ہے۔علاوہ ازیں موصوف کو مکالمہ بین المذاہب،عیسائی و مسلم تعلقات کے حوالے سے گراں قدر اہمیت حاصل ہے۔**(7)**

**اسلام سے رغبت(Fascination with Islam):**

کنسیڈائن اپنی،اسلام سے رغبت کے بارے میں لکھتے ہیں:

"When it came time for me to pick an academic subject I decided to study the Muslim World in order to figure out why something like 9/11 happened. I enrolled in Arabic language courses and several introductory courses about the Islamic faith. The main question on my mind and the minds of many Americans at the time was why they hate us." **(8)**

(دوران تعلیم جب میرے لئے کسی مضمون کو انتخاب کرنے کا وقت آیا تو میں نے مسلم دنیا کا مطالعہ کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ نائن الیون جیسا واقعہ کیوں پیش آیا۔میں نے عربی زبان اور اسلامی عقیدے کے بارے میں کئی تعارفی کورسز میں داخلہ لیا۔میرے ذہن اور اس وقت بہت سے امریکیوں کے ذہنوں میں بنیادی سوال یہ تھا کہ وہ ہم سے نفرت کیوں کرتے ہیں)

اس سلسلے میں مزید کنسیڈائن لکھتے ہیں:

"The professor of the course, Akbar Ahmed, opened the first day of class with a simple, but profound saying: "The ink of the scholar is more sacred than the blood of the martyr." This *hadith* of Prophet Muhammad shook me to my core. It challenged to my belief that there was something inherently violent about the Islamic faith and Muslims at large. It pushed me to think about Muslim World beyond the lens of 9/11. And perhaps most importantly this hadith opened my mind to the power of knowledge and idea that our hearts and Minds can be easily shaped by public discourse, news media, and worse, propaganda coming from government."**(9)**

(کورس کے پروفیسر اکبر احمد جنہوں نے کلاس کے پہلے دن سادہ مگر بہت گہرے الفاظ کہے" عالم کے قلم کی سیاہی شہید کے خون سے زیادہ مقدس ہے"محمد ﷺ کی اس حدیث نے مجھے اندر تک ہلا کر رکھ دیا۔اس نے میرے عقیدے کو چیلنج کیا کہ اسلامی عقیدے اور بڑے پیمانے پر مسلمانوں کے بارے میں فطری طور پر کچھ متشدد ہے۔اس نے مجھے 9/11 کے زاویے سے آگے مسلم دنیا کے بارے میں سوچنے پر مجبور کیا۔اور شاید سب سے اہم بات

یہ ہے کہ اس حدیث نے میرے ذہن کو علم اور خیال کی طاقت کے لیے کھول دیا کہ ہمارے دل و دماغ کو عوامی گفتگو، میڈیا کی خبروں اور حکومت کی طرف سے آنے والے بدترین پروپیگنڈے کے ذریعے آسانی سے تشکیل دیا جاسکتا ہے)

**تصانیف و مضامین(Books and Articles):**

کریگ کنسیڈائن نے تقریباً 6 کتب اور 26 تحقیقی مضامین لکھے ہیں۔(10)

جن میں سے تین کتب سیرت النبی ﷺ پر مشتمل ہیں۔

- Muhammad Nabi Cinta: Catatan Nasrani Tentang Rasulluah Saw(2018)
- The Humanity of Muhammad: A Christian View (2020)
- People of the Book: Prophet Muhammad's Encounters with Christians (2021)

ان کتب میں پہلی کتاب انڈونیشین (بھاشا) زبان میں ہے، جبکہ دوسری اور تیسری کتاب انگریزی زبان میں لکھی گئی ہیں۔

اور باقی کتب ان کے علاوہ ہیں۔

- Islam, Race, and Pluralism in the Pakistani Diaspora (2017)
- Muslims in America: Examining the Fact (2018)
- Islam in America: Exploring the Issues (2019)

کنسیڈائن نے جو تحقیقی مضامین لکھے وہ درج ذیل ہیں۔

- "Can the Power of Prayer Alone Stop a Pandemic Like the Coronavirus? Even the Prophet Muhammad Thought of Otherwise," *Newsweek*, March 17, 2020
- "The Sri Lanka Church Bombings Are the Opposite of What Prophet Muhammad Intended," *Newsweek*, April 23, 2019
- "Notre Dame and Al-Aqsa Fires Give Christians and Muslims a Chance to Work Together to Repair Their Sacred Spaces," *Newsweek*, April 16, 2019. *Appeared in Print Edition."
- "Young Pakistani Men and Irish Identity – Religion, Race, and Ethnicity in Post-Celtic Tiger Ireland," *Sociology* 52(4), 2018: 655-670.
- "Muslims in America: Separating fact from fiction," *Daily Sabah*, August 13, 2018
- "The Racialization of Islam in the United States: Islamophobia, Hate Crimes and 'Flying While Brown,'" *Religions* 8(9), 2017: 1-19.
- "The Rohingya Are the New Palestinians," *Foreign Policy*, September 26, 2017.
- "Das andere Andalusian," *Islami Q*, September 7, 2017. *Translated into Germany.*
- "Islam, Race, and Pluralism in the Pakistani Diaspora," *The Islamic Monthly*, July 28, 2017.
- "The Other Al-Andalus – When Muslims and Christians Flourished Side By Side in Sicily," *Huff Post*, April 22, 2017.
- "Pluralism and the Najran Christians: How Prophet Muhammad Went Beyond Tolerance," *Huff Post*, February 17, 2017.
- "Why a Christian Can View Muhammad as a Prophet," *Huff Post*, January 26, 2017.

- “Religious Pluralism and Civic Rights in a ‘Muslim Nation’: An Analysis of Prophet Muhammad’s Covenants with Christians,” *Religions* 7(15), 2016: 1-21.
- “Religious Pluralism and Civic Rights in a ‘Muslim Nation’: An Analysis of Prophet Muhammad’s Covenants with Christians,” *Religions* 7(15), 2016: 1-21.
- “Prophet Muhammad’s Covenants with Christians: Pluralism and Civic Rights in the First Islamic State, *“Interreligious Insight* 14(1), 2016: 42-57.
- “What does it mean to be ‘Irish’? Perceptions of Irish identity among young Pakistani men,” *Diaspora Studies* 9(2), 2016: 141-152.
- “Muslims Aren’t A Race, So I Can’t Be Racist, Right? Wrong,” *Huff Post*, November 19, 2016.
- “Prophet Muhammad stood for humanity in Medina, while IS tries to destroy it,” *Middle East Eye*, July 11, 2016.
- “What Prophet Muhammad’s covenants with Christians say about IS,” *Middle East Eye*, June 3, 2016.
- “Christians and Muslims Should Embrace ‘The Jihad of Jesus,’” *Huff Post*, May 31, 2016.
- “Jesus Christ and Prophet Muhammad Followed ‘The Golden Rule,’” *Huff Post*, June 21, 2015.
- “The Price This Christian Pays For Respecting Islam,” *Huff Post*, May 11, 2015.
- “Prophet Muhammad’s Example of Anti-Racism,” *Huff Post*, April 25, 2015.
- “What Studying Muhammad Taught Me about Islam,” *Huff Post*, March 23, 2014.
- “Overcoming Historical Amnesia: Muslim Contributions to Civilization,” *Huff Post*, January 23, 2014.
- “Rumi and Emerson: A Bridge between the West and the Muslim World,” *Huff Post*, October 14, 2013.
- “Finding Tolerance in Akbar, the Philosopher-King,” *Huff Post*, June 10, 2013.**(11)**

## کریگ کنسیڈائن اور سیرت نگاری

کریگ کنسیڈائن کا تعلق مستشرقین کی اس جماعت سے ہے جس نے نہ صرف اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ پر قلم اٹھاتے ہوئے قدرے غیر جانبداری کا مظاہرہ کیا بلکہ اس سلسلے میں اپنے متقدمین کے رویہ کو غلط قرار دیا۔ یہ الگ بات ہے کہ ان کی طرف سے اپنے متقدمین کے اس رویے پر اظہار ندامت اس وجہ سے نہیں کہ انہوں نے دین اسلام کی صداقت وحقانیت کو تسلیم کرلیا ہے اگر ایسا ہوتا پھر تو وہ نور حق کو پالیتے، بلکہ رویہ میں تبدیلی اس وجہ سے آئی کہ علمی ترقی کے اس دور میں وہ تمام فرضی داستانیں اور الزام تراشیاں جو اسلام کے متعلق انہوں نے اختیار کیں وہ خود ان کی اپنی تحریک کے لئے منفی تاثرات پیدا کریں گی۔ کنسیڈائن اپنے متقدمین کے اس رویہ کی ان الفاظ میں تردید کرتے ہیں۔

> “Following Muhammad’s passing in 632, Christian scholars and leaders depicted him as a “false prophet,” a charge that came across as inaccurate and insulting to Muslims.”**(12)**

(632 ءمیں محمد ﷺ کے انتقال کے بعد، عیسائی علماء اور رہنماؤں نے انہیں "جھوٹا نبی" کے طور پر پیش کیا، یہ الزام غلط اور مسلمانوں کی توہین کے طور پر سامنے آیا۔)

ISSN Online : 2709-4030
ISSN Print : 2709-4022
Vol.8 No.2 2024

کریگ کنسیڈائن جو اسلام اور داعی اسلام ﷺ کے حوالے سے کئی کتب کے مصنف ہیں انہوں نے اپنے متقدمین کے برعکس قدرے غیر جانبداری کا رویہ اختیار کیا۔ انہوں نے خصوصاً سیرت النبی ﷺ پر جو کتب تحریر کیں وہ یہ ہیں۔

1. "The Humanity of Muhammad: A Christian View"
2. "People of the Book: Prophet Muhammad Encounters with the Christians"

درج بالا کتب انگریزی زبان میں شائع ہو چکی ہیں جن کا مختصر تعارف ذیل میں ہے۔

### 1. "The Humanity of Muhammad: A Christian View"

کتاب **"The Humanity of Muhammad: A Christian View"** کریگ کنسیڈائن کی ایک اہم تصنیف ہے، جو 2020 میں شائع ہوئی۔ یہ کتاب نبی کریم ﷺ کی شخصیت اور تعلیمات کو ایک عیسائی محقق کے نقطۂ نظر سے پیش کرتی ہے، جس کا مقصد اسلام اور عیسائیت کے درمیان افہام و تفہیم کو فروغ دینا ہے۔ مصنف نے قرآن، احادیث، تاریخی واقعات، اور صوفیانہ شاعری کے ذریعے نبی ﷺ کی انسانیت، سماجی انصاف، خواتین کے حقوق، مذہبی تکثیریت، اور علم کی اہمیت جیسے موضوعات پر روشنی ڈالی ہے۔ تاہم، اس کتاب میں چند متنازع پہلو بھی شامل ہیں، جیسے ختم نبوت کے حوالے سے منفرد آراء اور بعض احادیث سے استدلال کی کمی، جو اسلامی تعلیمات سے مکمل ہم آہنگ نہیں۔ یہ کتاب بین المذاہب مکالمے کو بڑھانے کی ایک کوشش ہے اور جدید دنیا کے مسائل کے حل کے لیے نبی کریم ﷺ کی زندگی سے رہنمائی فراہم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

### 2. "People of the Book: Prophet Muhammad Encounters with the Christians"

**"People of the Book: Prophet Muhammad Encounters with Christians"** کریگ کنسیڈائن کی 2021 میں شائع ہونے والی ایک اہم کتاب ہے، جس میں نبی کریم ﷺ کی عیسائیوں کے ساتھ ملاقاتوں اور تعاملات کو تاریخی اور بین المذاہب تعلقات کے تناظر میں پیش کیا گیا ہے۔ کتاب میں نبی ﷺ کی حبشہ کی ہجرت، میثاق مدینہ، نجران کے عیسائیوں کے ساتھ معاہدات، اور مذہبی تکثیریت کے اصولوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ مصنف نے قرآن، احادیث، اور تاریخی حوالوں سے استدلال کرتے ہوئے عیسائی مسلم تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کی ہے، تاہم بعض مقامات پر تحقیقاتی کمزوریاں اور متنازع نظریات بھی سامنے آتے ہیں، جیسے نبی ﷺ کی صفت امیّت پر شکوک، تطہیر کعبہ کے دوران عیسیٰ علیہ السلام کی شبیہوں کو برقرار رکھنے کا دعویٰ، اور بعض تاریخی معاہدات کی من مانی تشریح۔ یہ کتاب جہاں بین المذاہب افہام و تفہیم کو فروغ دینے کی کوشش کرتی ہے، وہیں قاری کے لیے تنقیدی جائزے کی دعوت بھی دیتی ہے۔

**حاصل کلام:**

کریگ کنسیڈائن کی تحریریں اسلام اور عیسائیت کے درمیان تعلقات کو بہتر بنانے کی ایک سنجیدہ کوشش ہیں۔ ان کی کتب نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کو عصرِ حاضر کے مسائل کے حل کے طور پر پیش کرتی ہیں، تاہم ان میں بعض علمی اور تحقیقی کمزوریاں نمایاں ہیں، جن میں حدیث و تاریخ کے غیر مستند حوالہ جات اور متنازع تشریحات شامل ہیں۔ اس کے باوجود، کنسیڈائن کا کام بین المذاہب مکالمے کے فروغ اور فکری تبادلے کی ایک اہم مثال ہے۔ ان کی تحریریں قارئین کو تنقیدی نظر کے ساتھ اسلامی تعلیمات اور عیسائی مسلم تعلقات پر غور کرنے کی دعوت دیتی ہیں، جو آج کے دور میں عالمی ہم آہنگی کے لیے ایک اہم ضرورت ہے۔

حوالہ جات

(1) Ahmed, Omar (October 30, 2020). "The Humanity of Muhammad: A Christian View" Middle East Monitor. Retrieved Jan 30, 2022

(2) Steven Ryan, "Needhamite Journey to Muslim America", Wickedlocal.com, June, 26, 2009, Needham Times, Retrieved Jan 30, 2022.

(3) "Dr. Craig Considine". *Routledge*. Archived from the original on April 13, 2021. Retrieved December Jan, 2022.

(4) Considine, Craig (2014). "Family, religion, and identity in the Pakistani diaspora: a case study of young Pakistani men in Dublin and Boston". Trinity's Access to Research Archive – via Trinity College Dublin.

(5) "Dr. Craig Considine". *Routledge*. Archived from the original on April 13, 2021. Retrieved December Jan 30, 2022.

(6) Passwaters, Arie (April 28, 2020). "Faculty, staff honored for excellence in teaching, mentoring, service". Rice University News and Media Relations. Archived from the original on May 1, 2020. Retrieved December Jan 30, 2022.

(7) Ahmed, Omar (October 30, 2020). "The Humanity of Muhammad: A Christian View" Middle East Monitor. Retrieved on Jan 30, 2022

(8) Considine, Craig. "The Humanity of Muhammad: A Christian View" Clifton, NJ: Blue Dome Press, 2020. P: 18

(9) Ibid: 18-19

(10) https://drcraigconsidine.com/books--articles.html, Retrieved Jan 31, 2022

(11) https://drcraigconsidine.com/books--articles.html, Retrieved Jan 31, 2022

(12) Considine, Craig. "The Humanity of Muhammad: A Christian View" Clifton, NJ: Blue Dome Press, 2020. P: 97